© rasailojaraid.com



کی پابندی سے متعلق دل کھول کر آیات واحادیث سنا کر اچھا خاصا "وعظ" کیا۔ اکثر لوگوں کو اس تقریب میں وعظ خاصا عجیب لگا، لیکن آپ نے اس عظیم اجتماع کے نادر موقع کو غنیمت جانتے ہوئے موضوع کی ناموزونیت کی پروا نہیں فرمائی۔

آپ نہایت قناعت پسند تھے۔ غالباً فروری 2011ء میں خبیب کالج والوں نے ریٹرن ٹکٹ بھیج کر لاہور بلایا۔ اور معقول مشاہرہ پر خبیب کالج سکردو کا پرنسپل مقرر کیا۔ سکردو پہنچ کر معذرت کے ساتھ تقرری نامہ واپس بھیج دیا اور پوسٹ کرنے سے پہلے آرڈر اور اپنا معذرت نامہ راقم کو دکھایا۔ وجہ پوچھی تو فرمایا: "نوکری بہت کی ہے، پنشن بھی اچھی خاصی ملتی ہے، زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں، نہ جانے کب بلاوا آئے۔ چاہتا ہوں کہ بقیہ جتنی بھی زندگی ہے، وہ سکون سے گزاروں اور اللہ پاک توفیق عنایت فرمائے تو دین کے کاموں میں صرف کردوں۔" چنانچہ جو کہا تھا، کر کے دکھایا۔ عبادت الٰہی اور تبلیغ میں مگن رہے۔

حاجی مرحوم ایک شریف النفس، سادہ اور منکسر المزاج انسان تھے۔ مذہبی روایات کے بڑے پابند تھے۔ عید الاضحیٰ کے موقع پر لڑکے گھر پر ہوں تو انہیں ساتھ لے کر، ورنہ بنفس نفیس گھروں میں قربانی کا گوشت پہنچاتے تھے۔ ان کی بزرگی کے پیش نظر میں اور حاجی عبداللہ راشد عیدین کے موقع پر ان کے ہاں عید ملن کے لیے اہتمام سے جاتے۔ آخری عید پر ہم ایک دن لیٹ ہوئے تو خود گوشت کا حصہ لے کر گھر پہنچ گئے۔

بہرحال وہ بڑی خوبیوں کے مالک تھے۔ اس چھوٹے سے مضمون میں ان کی خوبیوں کا احاطہ کرنا مشکل ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی نیکیوں کو شرف قبولیت سے نوازے اور کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔ آمین

آئے عشاق، گئے وعدۂ فردا لے کر
اب انہیں ڈھونڈ چراغِ رخِ زیبا لے کر

## نیکی اور بدی

امام ابن حجرؒ سلف سے نقل کرتے ہیں: "برائی" کی "لذت" ظاہر اور اس کی "تلخی" پوشیدہ ہوتی ہے۔

"نیکی" کی "کڑواہٹ" ظاہر اور اس کی "لذت" پوشیدہ ہوتی ہے۔

ظالم، جاہل اور جلد باز "انسان" ظاہر چیز کو خفیہ چیز پر ترجیح دیتا ہے، خواہ اس کا انجام کتنا ہی خطرناک ہو۔ جبھی تو وہ بڑی بے تکلفی سے "برائی" کا ارتکاب کر کے اپنی عاقبت تباہ کرتا ہے؛ اور کم ہی لوگوں کو نیکی کر کے عاقبت سنوارنے کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔ [فتح الباري] مرسلہ: حافظ عبدالمجید از کراچی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تندرستی ہزار نعمت ہے

انتخاب از انٹرنیٹ: عبدالغفار خان

# پھلوں کا سائنسی تجزیہ

| نمبر | پھل | مقدارِ خوراک | پانی | ریشہ | چکنائی | پروٹین | شکر | v.A | v.C | v.B1 | v.B2 | v.B6 | v.E |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 100 گرام | کلوریز | فیصد | gram | g | g | g | ug | mg | mg | mg | mg | mg |
| 1 | Apple سیب | 207/49 | 84 | 2.3 | 0 | 0.4 | 11.8 | 2 | 15 | .02 | .01 | .05 | 0.5 |
| 2 | Apricot خوبانی | 153/36 | 87 | 2.1 | 0 | 1 | 8 | 420 | 5 | .06 | .05 | .06 | 0.5 |
| 3 | Avocodo نارنجی | 523/126 | 81 | 0.2 | 10 | 2 | 7 | 20 | 17 | .06 | .12 | .36 | 3.2 |
| 4 | Blueberry نیلا بیر | 204/48 | 80 | 8.4 | 0 | 1 | 11 | 0 | 10 | .02 | .03 | .05 | 1.9 |
| 5 | Blackberry سیاہ بیر | 170/40 | 85 | 8.7 | 0 | 2 | 8 | 30 | 150 | .08 | .04 | .07 | 1 |
| 6 | Banana کیلا | 375/88 | 76 | 2.7 | 0 | 1.2 | 20.4 | 3 | 10 | .04 | .03 | .36 | 0.3 |
| 7 | Carrot گاجر | 48/11 | 92 | 3.3 | 0 | 0.6 | 2.2 | 312 | 2 | .03 | .04 | .08 | .02 |
| 8 | Cranberry کھٹی بیری | 68/16 | 89 | 4.2 | 0 | 0 | 4 | 0 | 15 | 0 | .01 | .07 | 0 |
| 9 | Cherry چیری | 221/52 | 86 | 1.2 | 0 | 0 | 13 | 40 | 10 | .02 | .02 | .04 | 0.1 |
| 10 | Date کھجور | 1275/300 | 20 | 7.5 | 0 | 2 | 73 | 0 | 0 | .05 | 0.1 | 0.1 | 0.7 |
| 11 | Fig انجیر | 340/80 | 80 | 2 | 0 | 1 | 19 | 10 | 3 | .06 | .05 | .11 | 0 |
| 12 | RedGrapes سرخ انگور | 128/30 | 90 | 1.4 | 0 | .9 | 6.6 | 0 | 40 | .07 | .02 | .03 | .05 |
| 13 | Grapes انگور | 274/64 | 83 | 2.2 | 0 | .6 | 15.5 | 0 | 3 | .03 | .01 | .08 | .6 |
| 14 | Guava امرود | 306/72 | 81 | 5.3 | 0 | 1 | 17 | 30 | 218 | .04 | .04 | .14 | 0 |
| 15 | Gooseberry ٹپاری | 170/40 | 88 | 3.2 | 0 | 1 | 9 | 0 | 30 | .02 | .01 | .08 | .04 |
| 16 | Kiwi کیوی | 168/40 | 84 | 2.1 | 0 | 1.1 | 8.8 | 5 | 70 | .01 | .02 | .12 | 109 |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 0 | 0 | .06 | .14 | 55 | 160 | **16** | 1 | 0 | 1.5 | 82 | 289/68 | نارنگی نما کڑوا Kumquat | 17 |
| .08 | .04 | .02 | .06 | 40 | 0 | **3** | 0 | 0 | 1.8 | 96 | 51/12 | لیموں Lemon | 18 |
| | .08 | .02 | .03 | 40 | 0 | **7** | 0 | 0 | 0.3 | 91 | 156/37 | آرائشی درخت Lime | 19 |
| | | .05 | .05 | 39 | 0 | **18** | 1 | 0 | 1.5 | 82 | 323/76 | لیچی Lychee | 20 |
| 1 | .13 | .06 | .05 | 53 | 210 | **15** | 0 | 0 | 1 | 84 | 255/60 | آم Mango | 21 |
| | .07 | .05 | .04 | 6 | 30 | **8** | 1 | 0 | .6 | 93 | 153/36 | تربوز Water melo | 22 |
| 0.2 | 0.1 | .02 | .05 | 32 | 7 | **6.3** | .9 | 0 | .6 | 89 | 122/29 | خربوزہ Melon | 23 |
| 2 | 0 | .08 | .03 | 0 | 50 | **3** | 1 | 14 | 4.4 | 75 | 586/142 | زیتون Olive | 24 |
| 0.1 | .06 | .03 | .07 | 49 | 2 | **10.6** | 1 | 0 | 1.8 | 87 | 198/47 | کینو Orange | 25 |
| | .04 | .04 | .03 | 46 | 40 | **8** | 0 | 0 | .6 | 91 | 136/32 | پپیتا Papaya | 26 |
| 0.5 | | .12 | .03 | 23 | 125 | **5.8** | 2.6 | .4 | 3.3 | 88 | 158/37 | پھل گل صلیبی Passionf | 27 |
| 0 | .02 | .02 | .01 | 7 | 15 | **7.9** | 1 | 0 | 1.4 | 89 | 151/36 | آڑو Peach | 28 |
| 0.1 | .02 | .01 | .01 | 4 | 0 | **11.5** | 0.3 | 0 | 2.1 | 86 | 201/47 | ناشپاتی Pear | 29 |
| 6.4 | .43 | .14 | .04 | 80 | 172 | **6** | 1 | 0 | 2.2 | 91 | 119/28 | Red bell Pepper | 30 |
| | | .03 | .02 | 16 | 260 | **18.6** | 0.5 | 0 | .5 | 81 | 325/76 | املوک Persimmon | 31 |
| 0.1 | .09 | .02 | .07 | 25 | 20 | **12** | 0.4 | 0 | 1.2 | 84 | 211/50 | اناناس Pineappl | 32 |
| | .31 | .02 | .05 | 7 | 10 | **17** | 1 | 0 | 3.4 | 82 | 343/81 | انار Pomegranate | 33 |
| .7 | .1 | .03 | .02 | 5 | 18 | **9.6** | .8 | 0 | 2.2 | 84 | 177/42 | آلو بخارا Plum | 34 |
| .04 | .06 | .03 | .02 | 60 | 10 | **5.1** | 0.7 | 0 | 2.2 | 91 | 99/23 | سٹرابیری Strawberry | 35 |
| 0.7 | .08 | .02 | .05 | 15 | 140 | **1.9** | .9 | 0 | 1.4 | 97 | 48/11 | ٹماٹر Tomato | 36 |

© rasailojaraid.com